© rasailojaraid.com



## مطالعہ کی میز پر تبصرہ کتب

### نام کتاب آیت الکرسی کے فضائل و تفسیر

مصنف ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب

صفحات 267 قیمت 400 روپے

ناشر دارالنور اسلام آباد

ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

آیت الکرسی قرآن حکیم کی سب سے بڑی آیت ہے اس کے فضائل و مناقب میں بہت سی احادیث مروی ہیں۔ بعض مفسرین نے اسے اسم اعظم قرار دیا ہے۔ اس کے پڑھنے سے شیطان دور بھاگتا ہے۔ نماز کے بعد پڑھنے سے آئندہ نماز تک بندہ اللہ کی حفاظت میں رہتا ہے اور یہ بھی حدیث نبوی ہے کہ نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنے والے اور جنت کے درمیان صرف موت کا حائل ہونا ہے۔ آیۃ الکرسی کی اس قدر و منزلت کے باوصف بہت سے علمائے کرام نے اس عظیم آیت کی الگ سے تفاسیر لکھی ہیں۔ پیش نگاہ کتاب محترم ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب کے علم و تحقیق کا حسین شاہکار ہے۔ اس میں انہوں نے آیت الکرسی کے فضائل و مناقب اور تفسیر کو قرآن و حدیث کی روشنی میں تفصیل سے بیان کیا ہے اور اس آیت میں پائے جانے والے اللہ تبارک و تعالیٰ کی توحید کے نکات کو بڑی وضاحت سے لکھ دیا ہے۔ کتاب دو مباحث اور دس بڑے بڑے عنوانات پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ ہر مسلمان مرد و عورت اور چھوٹے بڑے کے لئے بڑا ہی مفید ہے۔ مسنون اور وظائف پڑھنے ہیں والدہ کے لئے یہ خاصے کی چیز ہے۔ خود پڑھیے دوسروں کو تحفے میں دیجیے۔ کتاب جس قدر علمی و تحقیقی اور ایمان افروز ہے، ظاہری و معنوی حسن نے بھی اس کتاب کے حسن کو دوبالا کر دیا ہے۔ حضرت ڈاکٹر صاحب ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں انہوں نے اس قدر عمدہ کتاب مرتب کی۔

☆......☆......☆

© rasailojaraid.com